© rasailojaraid.com

مطبوعات

روح القرآن | از: اچاریہ ونوبا بھاوے جی۔ ناشر: سکرٹری اکھل بھارت سرو سیوا سنگھ پرکاشن راج گھاٹ کاشی۔ قیمت ۴ روپے۔

قرآن مجید کا یہ انتخاب بھارت کے مشہور سماجی رہنما گاندھی جی کے جانشین اور بھودان تحریک کے بانی و علمبردار ونوبا بھاوے جی نے تیار کیا ہے۔ اس انتخاب میں ۱۰۶۵ آیتیں شامل ہیں۔ کتاب کے ۹ حصے ہیں جو ۲۰ ابواب پر مشتمل ہیں۔ ہر باب کے تحت فصلیں ہیں جن کی تعداد ۹۰ ہے۔ ان کے ذیل میں ۴۰۰ عنوانات ہیں کتاب کے آغاز میں ایک فرہنگ بھی دی گئی ہے جس میں قرآنی الفاظ و اصطلاحات کے معنی و مفہوم کو متعین کیا گیا ہے

آیات کا ترجمہ ونوبا بھاوے جی کے پرانے عقیدت مند شری اچینت دلیش پانڈے نے کیا ہے اور اس فرض کی بجا آوری میں انہوں نے قرآن پاک کے مشہور اردو اور انگریزی تراجم اور تفاسیر سے استفادہ کیا ہے۔ یہ انتخاب فی الحال صرف دو زبانوں (اردو اور انگریزی) میں بلا متن شائع ہوا ہے لیکن ناشرین کا کہنا ہے کہ وہ اسے عنقریب ہندوستان کی تمام زبانوں میں شائع کریں گے۔

قرآن مجید کی جو شخص بھی خلوص نیت سے خدمت کرتا ہے وہ انسانیت کی طرف سے مبارکباد کا مستحق ہے۔ اسی بنا پر ہم ونوبا بھاوے کی اس سعی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ لیکن اس کتاب کے مطالعہ سے جو چیز ہمیں بار بار کھٹکتی ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے اس انتخاب میں قرآنی تعلیمات کی روح کو کشید نہیں کیا بلکہ اپنے ذاتی تصورات اور پسندیدہ نظریات کو سامنے رکھ کر قرآن مجید کا ایک ملخص پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

اُن کے نظریات میں سب سے اہم اور بنیادی نظریہ وحدتِ ادیان ہے جسے انہوں نے اپنے رہنما گاندھی جی سے حاصل کیا ہے۔ اُن کا عقیدہ یہ ہے کہ سارے مذاہب یکساں برحق ہیں اور کسی ایک مذہب کو دوسرے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اسی طرح دنیا کی کوئی اُمّت ایسی نہیں جو "اُمّت وسط" کی حیثیت سے دوسری اُمّتوں اور قوموں پر اپنی برتری کا دعویٰ کرے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے اس عقیدہ کا اظہار مقدمہ میں بھی کیا ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

"سائنس نے دنیا چھوٹی بنائی اور سب انسانوں کو نزدیک لانا چاہتا ہے ایسی حالت میں انسانی تمام فرقوں میں تبادلہ ہے۔ ہر جماعت اپنے آپ کو اونچا اور دوسروں کو نیچا سمجھے۔ یہ کیسے چھیگا نز عفت"

ظاہر بات ہے کہ جب کوئی شخص اس بنیادی نظریہ کو، جو قرآنی تعلیمات سے مختلف ہے، لیکر قرآن مجید کا انتخاب کریگا تو وہ اس کی حقیقی روح کو سمجھنے اور سمجھانے میں پوری طرح کامیاب نہ ہو سکیگا۔ اور یہی چیز ہمیں اس کتاب میں نظر آتی ہے۔ چنانچہ دیکھیے کہ انہوں نے اسلام کی جو تعریف کی ہے اس میں اللہ پر ایمان لانا اور اس پر مستحکم رہنا کہا ہے۔ اسی طرح ایمان میں یقین، تصدیق، اعتقاد، ہوائے نفس کو اللہ کے تابع کرنے کا مفہوم شامل کیا گیا ہے۔ قرآن مجید نے جس چیز کو اسلام اور ایمان سے تعبیر کیا ہے اس میں رسالت، آخرت، کتب سماوی اور ملائکہ پر ایمان بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	اے ایمان لانے والو! ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول
وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ	پر اور اس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور
الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ	ہر اس کتاب پر جو اس سے پہلے وہ نازل کر چکا ہے۔ جس نے
وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ	اللہ اور اس کے ملائکہ اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور
ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۔ (النساء - ۱۹)	روز آخرت سے کفر کیا وہ گمراہی میں بہت دور نکل گیا۔

اس انتخاب میں عقیدہ رسالت اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق رکھنے والی آیتیں کافی تعداد میں موجود ہیں لیکن اُن آیات کو معلوم نہیں کس احساس کے تحت نظر انداز کر دیا گیا ہے جس میں رسالت محمدی کی امتیازی خصوصیات بیان ہوتی ہیں: مثلاً سورۂ احزاب کی آیت:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ	محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں
لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۔	ہیں۔ وہ اللہ کے رسول ہیں اور سلسلہ نبوت کے ختم کرنے والے

اسی طرح ان اوراق میں وہ آیات تو نظر آتی ہیں جن میں یہ کہا گیا ہے کہ دین میں زبردستی نہیں، ایمان والے سب ایک امت ہیں، کسی کے معبود کو برا نہ کہو، بحث میں موافقت تلاش کرو، بہشت کسی کی میراث نہیں لیکن وہ آیات یکسر غائب ہیں جن میں اس امر کا واضح اعلان ہے کہ اللہ کے نزدیک پسندیدہ دین صرف اسلام ہے،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور جو اسے چھوڑ کر کسی دوسرے ضابطۂ حیات، یا مذہب کی پیروی کرتا ہے وہ جادۂ مستقیم سے بھٹکا ہوا ہے:

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ (آل عمران ۲)

اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے۔

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ۔ (آل عمران۔ رکوع ۱۱)

اسلام کے سوا جو شخص کوئی اور دین اختیار کرنا چاہے وہ ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور آخرت میں وہ ناکام و نامراد رہے گا۔

الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ط الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا۔ (المائدہ۔ ۱)

آج کافروں کو تمہارے دین کی طرف سے پوری مایوسی ہو چکی ہے لہٰذا تم ان سے نہ ڈرو۔ بلکہ مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو تمہارے دین کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔

پھر یہ چیز بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ ونوبا بھاوے جی نے توحید، اثبات اور ردِ شرک کے لیے بہت سی آیات کو جمع کرتے وقت اُن آیات کو چھوڑ دیا ہے جن میں اصنام یا اوثان کے الفاظ موجود ہیں۔

آیات کا ترجمہ بھی اغلاط سے خالی نہیں اور بعض آیات کا مفہوم اپنے ذوق کے مطابق معین کرنے کی وجہ سے عجیب وغریب ہو گیا ہے۔

یہی انتخاب انگریزی میں THE ESSENCE OF QURN کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ اس میں ایک چیز اردو سے مختلف ہے کہ اس میں آغاز میں اُن ساری آیات کی فہرست درج کر دی گئی ہے جو اس انتخاب میں شامل ہیں۔ البتہ اس میں فرہنگ نظر نہیں آتی جو اردو میں موجود ہے۔

© rasailojaraid.com